# ٦ کام اور زندگی

**فیضؔ لدھیانوی**

**پہلی بات :** مشہور ہے کہ انسان نام سے نہیں، کام سے بڑا بنتا ہے یعنی آدمی کی قدر اس کے کام سے ہوتی ہے، اس کی خوب صورتی سے نہیں۔ یہ سچ ہے کہ ایسے لوگوں کو سب پسند کرتے ہیں جو سب کے کام آتے ہیں۔ نہ صرف انسان بلکہ دیگر جاندار بھی کسی نہ کسی کام میں مصروف نظر آتے ہیں۔ بے جان چیزیں بھی ہمیں کسی نہ کسی طرح فائدہ پہنچاتی ہیں۔ زندگی بھر انسان مختلف کاموں میں مصروف رہتا ہے۔ گویا زندگی ہے تو کام انسان کے ساتھ لگے ہیں۔ ذیل کی نظم میں اسی خیال کو خوب صورت انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

**جان پہچان :** خواجہ فیض محمد فیضؔ لدھیانوی ۱۹۱۱ء میں لدھیانہ میں پیدا ہوئے۔ وہ ایک خوش کلام شاعر تھے۔ انھوں نے بچوں کے لیے بہت سی نصیحت آمیز نظمیں لکھی ہیں جن میں دینی، اخلاقی اور تعمیری پہلو نمایاں ہیں۔ ان کی نظموں کی زبان سادہ اور عام فہم اور ان کا انداز دلکش ہے۔ بچوں کی نظموں پر ان کے تین مجموعے 'بچوں کی بہار، دس نظمیں' اور 'قیمتی باتیں' شائع ہوئے ہیں۔ ذیل کی نظم 'بچوں کی بہار' سے لی گئی ہے۔ ۱۹۹۵ء میں ان کا انتقال ہوا۔

برکتیں ہیں آج گھر گھر کام سے
چل پڑا دنیا کا چکر کام سے

جن کو اپنے فرض کا احساس ہے
دِل لگاتے ہیں وہ اکثر کام سے

کامیابی اُن کی قسمت میں کہاں
بھاگ جاتے ہیں جو ڈر کر کام سے

کھیت ہو ، اسکول ہو یا فیکٹری
سب کی رونق ہے سراسر کام سے

کاہلی تو جان لیوا روگ ہے
زندگی ہوتی ہے بہتر کام سے

زندہ رہنے کا سلیقہ ہے یہی
منہ نہ موڑے کوئی دم بھر کام سے

بیٹھ کر باتیں بنانا سہل ہے
اصل میں کُھلتے ہیں جوہر کام سے

قدر کرتا ہے زمانہ کام کی
نام پاتے ہیں ہنرور کام سے

دو گھڑی آرام کرنا چاہیے
جب فراغت ہو میسر کام سے

## معانی واشارات

| | | |
|---|---|---|
| دل لگانا | محبت کرنا | Adore |
| رونق | چہل پہل، چمک دمک | Elegance |
| سراسر | پوری طرح | Wholly |
| کاہلی | سستی | Laziness |
| جان لیوا | جان لینے والا | Deadly |
| روگ | بیماری | Disease |
| دَم بھر | تھوڑی دیر کے لیے | For a while |
| جوہر | خوبی | Talent |
| ہنروَر | ہنرمند | Skilful |
| فراغت | فرصت | Leasure |
| میسر | حاصل | Availability |

## مشق

- ایک جملے میں جواب لکھیے۔
  **Answer in one sentence.**

  ۱۔ گھر گھر برکتیں کس کی وجہ سے ہیں؟
  ۲۔ کام سے کون لوگ دل لگاتے ہیں؟
  ۳۔ کام سے ڈر کر بھاگ جانے والوں کا انجام کیا ہوتا ہے؟
  ۴۔ شاعر نے کاہلی کو کیا کہا ہے؟
  ۵۔ زمانہ کن لوگوں کی قدر کرتا ہے؟
  ۶۔ شاعر کے مطابق کس وقت آرام کرنا چاہیے؟

- مختصر جواب لکھیے۔ **Answer in short.**

  ۱۔ کام کرنے کے کون کون سے فائدے ہیں؟
  ۲۔ کاہلی کس طرح جان لیوا روگ بن جاتی ہے؟

### زورِ قلم Power of writing

- شعر کی روشنی میں کام اور ہنر کے بارے میں لکھیے۔
  **Write about work and skill with view on the following couplet.**

  قدر کرتا ہے زمانہ کام کی
  نام پاتے ہیں ہنرور کام سے

- ’محنت کی عظمت‘ اس عنوان پر مضمون لکھیے۔
  **Write an essay on ’محنت کی عظمت‘**

- ’کاہلی تو جان لیوا روگ ہے۔‘ اس مصرع کی روشنی میں ایک تمثیلی کہانی لکھیے۔
  **Write a story elaborating the mentioned line.**

- ’اصل میں کھلتے ہیں جوہر کام سے۔‘ اس مصرع پر اپنی رائے چار سے چھے جملوں میں لکھیے۔
  **Write your opinion about the mentioned line in four to six sentences.**

### نظم خوانی Recital of poem

- اس نظم کو اپنی جماعت میں ترنم سے سنائیے۔
  **Recite this poem in the classroom.**

### سرگرمی/منصوبہ (Activity/Project):

- انٹرنیٹ کی مدد سے اپنی پسندیدہ نظمیں تلاش کرکے پڑھیے اور اپنی بیاض میں نقل کیجیے۔

NBB7I5